by: Mustafa
AITI

Can insert → google original quotes
quotes

2 ✓ golden translate

زمین، فضا اور پانی

ماحول میں ہمارے ارد گرد کی دنیا آتی ہے - خاص طور پر وہ جو انسانی سرگرمیوں سے متاثر ہوتا ہے

ماحول مضمون

intro - ماحول کیا ہے
body - حکومت کا کردار
حکومت عوام دونوں کو

ماحول کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے

"بدھ مت مذہب کے رہنما دلائی لاما کا قول ہے" یہ ہم سب کی اجتماعی اور انفرادی ذمہ داری ہے کہ ہم جس ماحول میں رہتے ہیں، اس ماحول کو برقرار رکھیں اور اس کی حفاظت کریں گے۔ ماحول وہ ہے جو ہماری ارد گرد کی دنیا ہے۔ خاص طور پر وہ جو انسانی سرگرمیوں سے متاثر ہوتی ہے۔ ماحول کی حفاظت کرنا ایک اہم ذمہ داری ہے جو کسی ملک کی حکومت کرتی ہے۔ اس ماحول میں زمین، فضا اور پانی شامل ہیں۔

گلوبل وارمنگ نے پچھلے کچھ سالوں میں ہماری دنیا کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ اس سے ماحول بری طرح متاثر ہوا ہے۔ لہذا کئی حکومتوں نے ماحول کی حفاظت کے لیے پالیسیاں بنائی ہیں۔ اس میں معدومیت کے خطرے سے دوچار جانوروں کی حفاظت، درخت کاٹنے کے خلاف قوانین، فیکٹریوں سے دھواں اور آلودگی نکلنے پر پابندیاں اور صاف پانی اور سمندر کو کوڑا کرکٹ سے صاف رکھنے کے اقدامات شامل ہیں۔

specific / factual

حکومت میں اکثر ایک ادارہ ہوتا ہے جو ماحول کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ مثال کے طور پر پاکستان میں ایجنسی برائے حفاظت ماحولیات ہے۔ حکومت بنائے ہوئے قوانین کو نافذ کرتی ہے۔ اس کے علاوہ جو ماحولیاتی آلودگی پھیلانے میں کردار ادا کر رہا ہے ہو اس کو سزا دیتی ہے اور اس سے جرمانہ لیتی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت عوام کو آگاہی مہم کا آغاز کرتی ہے۔

مشکل کام کرنا

لیکن حکومت سے یہ توقع کرنا کہ وہ سب کچھ ٹھیک کر دے عوام کے تعاون کے بغیر، یہ جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ عوام الناس کا فرض ہے کہ حکومت کے بنائے ہوئے قوانین پر عمل کریں۔ اس کے علاوہ عوام یعنی ہماری ذمہ داری ہے کہ کوڑا سڑکوں پر، پارکوں میں نہ پھینکیں بلکہ صرف کچرے دان میں ڈالیں۔ ماحول بہ

© UCLES

Part

جب ضرورت نہ ہو تو گاڑی کا استعمال نہ کریں اور زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ اگر ماحول کو محفوظ رکھنا ہے تو ہمیں ہی اس ذمہ داری کو ہاتھوں ہاتھ لینا ہو گا۔

ایک مشہور کہاوت ہے " ہماری دنیا کو سب سے بڑا خطرہ یہ ماننا ہے کہ کوئی اور اسے بچائے گا۔ لہٰذا یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ صرف حکومت کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی کہ وہ ماحول کو بچائیں تاکہ یہ دنیا سب کے لیے پرسکون جگہ ہو۔ کیونکہ اس جہان میں ہم نے اسی دنیا پر رہنا ہے، اسی پر جینا ہے اور اسی پر مرنا ہے۔

سوال:

ماحول کی حفاظت مستقبل کی نسلوں کے لیے اہم

ایک کہاوت ہے " اگر ہم ماحول کو تباہ کر دیں گے تو ہمارے پاس معاشرہ نہیں رہے گا۔ یہ وہ ماحول ہے جس کے لغوی معنی اردگرد کے ہیں یعنی وہ چیز جو جاندار پر اپنا اثر رکھتی ہے۔ اس میں زمین، فضا اور پانی آتے ہیں جس میں تمام حیاتیاتی، طبیعاتی اور کیمیائی اجزا شامل ہوتے ہیں۔

یہ ماحول وہ ماحول ہے جس میں ہم سانس لیتے ہیں، جس میں ہم چلتے ہیں، جس میں ہم رہتے ہیں اور جس میں ہماری اگلی نسلیں بھی رہیں گی۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اگلی نسلوں کو بچائیں تاکہ وہ ہمیں اچھے ناموں سے یاد رکھیں۔ ماحولیاتی آلودگی فضا کو گندا کرتی ہے اور بیماریوں کو بھی جنم دیتی ہے۔ اس سے پھیپھڑوں کی بیماریاں بڑھتی ہیں اور سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کوڑا کرکٹ نیچر کو خوبصورت سے بدصورت بنا دیتا ہے۔ اگر یہی گند صاف پانی میں پھینکا جائے تو پانی پینے کے قابل نہیں رہتا۔ ماحول بچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ آگاہی مہم چلائیں تاکہ معاشرے کے سب لوگ اس سے واقف ہوں۔ شجر کاری کی مہم شروع کریں تاکہ اگلی نسل اس خوبصورت سبز رنگ سے محروم نہ رہے۔ زیادہ سے

Question Part

زیادہ ترقی کرنے سے قدرتی دنیا کا حرج نہیں ہونا چاہیے ورنہ اگلی نسل
ہمیں بے رحم منتیں سمجھے گی جو صرف تا سبز باغ دیکھنے کے
اور جنہوں نے مصنوعی دنیا کو قدرتی دنیا پر ترجیح دی۔
آسمان سیاروں کا اتنا آلودہ ہوتا ہے کہ ایک ستارہ
بھی دکھائی نہیں دیتا۔ آلودگی کی آمدگی کو کم کرنے
کے لیے کوشش کی جائے تو ہمیں اور ہماری آنے والی نسلوں
کو ایک انتہائی حسین اور چمکدار نظارہ مل سکتا ہے۔

بالآخر اگر ماحول کا خیال نہ رکھا گیا، گلوبل وارمنگ کو بڑھنے
دیا گیا تو نئی نسلوں کے لیے دنیا ہی منتقل ہو گا۔ لنڈن جان سن
نے کہا ہے "اگر ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ آنے والی نسلیں ہمیں
حقارت کی بجائے شکر گزار کے ساتھ یاد رکھیں تو ہمیں ان
کو ٹیکنالوجی کی معجزات سے زیادہ چھوڑ جانا ہو گا۔ ہمیں ان
کو دنیا کی ایک جھلک اسی طرح چھوڑنی ہو گی
جس طرح ہم شروع میں تھی۔

© UCLES